Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Urdu) Course Work Examination - December - 2019

Paper - PHUR102CCT : Mutalee Adab Ke tareeq-e-kaar

پرچہ: مطالعہ ادب کا طریقہ کار

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i. ''وہ پیغمبر تو نہیں ہے مگر اس کی بغل میں کتاب ہے''۔ مارکس کے بارے میں یہ کس نے کہا ہے؟

(a) علی سردار جعفری (b) کلیم الدین احمد (c) علامہ اقبال (d) جوش ملیح آبادی

ii. '' نفسیاتی تنقید کا بانی ہے؟

(a) فرائڈ (b) اسٹون کرافٹ (c) ایڈمنڈ برک (d) چارلس موریس

iii. ''کاشف الحقائق'' کا موضوع کیا ہے؟

(a) صحافت (b) تبصرہ (c) تقریظ (d) تنقید

iv. The Second Sex کس کی تصنیف ہے؟

(a) مارگرٹ فلر (b) جان اسٹورٹ مل (c) سیمون ڈی بوائر (d) جوسفن رفین

v. اجتماعی لاشعور کا نظریہ کس نے پیش کیا ہے؟

(a) ورجینا وولف (b) رابرٹ فراسٹ (c) ژونگ (d) کیپلنگ

vi. Orientalist کا مصنف کون ہے؟

(a) رفیق زکریا (b) گایتری چکرورتی (c) جوڈتھ (d) ایڈورڈ سعید

vii. مصنف کی موت (Deth of the author) کا اعلان کس نے کیا تھا۔

(a) ژاک دریدا (b) جوناتھن کلر (c) ایلین شووالٹر (d) رولاں بارتھ

viii. اردو میں ساختیاتی تنقید کو سب سے پہلے کس نے متعارف کرایا؟

(a) مسعود حسین خان (b) گوپی چند نارنگ (c) گیان چند جین (d) مالک رام

ix. 'کئی چاند تھے سر آسمان' کس قسم کا ناول ہے؟

(a) طلسماتی (b) نیم تاریخی و تہذیبی (c) رومانی (d) اسلامی

x. ''ادبی سماجیات'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) وزیر آغا (b) غلام شبیر رانا (c) محمد حسن (d) احمد سہیل

حصہ دوم

2۔ ادب کی تعریف کرتے ہوئے اس کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالیے

3۔ قصیدے میں تشبیب کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالیے۔

4۔ عملی تنقید سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ مثالوں سے واضح کیجیے۔

5۔ ادب اور سماج کے رشتے پر روشنی ڈالیے۔ شاعر و ادیب کس حد تک سماج کو متاثر کر سکتے ہیں، مثالوں سے واضح کیجیے۔

6۔ تقابلی تنقید کے نقطہ نظر سے ''موازنہ انیس و دبیر کا جائزہ لیجیے۔

7۔ جمالیات سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ ایک جمالیاتی نقاد کو کن کن باتوں کو اپنے پیش نظر رکھنا چاہیے۔

8۔ ''اسلوبیات ایک حربہ ہے کل تنقید ہر گز نہیں۔'' گوپی چند نارنگ کے اس قول کی وضاحت کیجیے۔

9۔ سید احتشام حسین کی تنقید نگاری کا جائزہ لیجیے۔

حصہ سوم

10۔ فنون لطیفہ میں ادب کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالیے

11۔ غزل کی رسومیات سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ وضاحت کیجیے۔

12 ۔ مابعد نوآبادیاتی تنقید کی تعریف بیان کرتے ہوئے ادب میں اس کی اہمیت پر ایک نوٹ لکھیے ۔

13 ۔ صنائع معنوی سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ شاعری میں اس کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

14۔ اساطیر سے کیا مراد ہے؟ اردو اساطیر افسانوں کی روایت کا جائزہ لیجیے۔

☆☆☆